## سوال

(58)تکبیرات جنازہ میں رفع الیدین

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

نمازجنازہ میں ہر تکبیرات کہنے کے وقت ہاتھوں کا اٹھانا مسنون ہے، یا نہیں اور ہر تکبیر میں رفع الیدین کرنا درست ہے یا نہیں؟

---

# الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جنازہ میں تکبیرات ہاتھ اٹھانا نہ اٹھانے سے بہتر ہے۔

((خرج البیہقی عن ابن عمر کان یرفع یدیہ فی جمیع تکبیرات الجنازہ قال الحافظ سندہ صحیح وعلقه البخاری ووصله فی جزء رفع الیدین ورواہ الطبرانی فی الاوسط روری الشافعی عن سمع سلمة بن وردان یذکر ممن انس انه کان یرفع یدیہ کلما کبر علی الجنازة وروی ایضاً الشافعی عن عروة وابن المسیب مثل ذلک قال وعلی ذلک ادرکنا اهل العلم ببلدنا وحکاہ ابن المنذر عن ابن عمر وعمر بن عبد العزیز وعطاء وسالم بن عبد اللّٰہ وقیس بن ابی حازم والزهری والاوزاعی واحمد واسحاق واختارہ ابن المنذر وقد صح عن ابی عباس انه کان یرفع یدیہ فی تکبیرات الجنازة راوہ سعید بن منصور۔ تلخیص للحافظ ابن حجر ملتقتا))

’’بیہقی نے عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ وہ جنازہ کی سب تکبیروں میں اپنے دونوں ہاتھ اٹھاتے تھے، حافظ ابن حجر نے اس روایت کی سند کو صحیح کہا ہے، اور امام بخاری رحمۃ اللہ اس کو اپنی تعلیقات میں لائے ہیں، اور اپنے رسالہ میں جزء رفع الیدین میں اس کو موصول بھی بیان کیا ہے، اور طبرانی نے اس کو اوسط میں روایت کیا ہے، اور شافعی نے اس شخص سے روایت کی ہے، جس نے سلمہ بن وردان سے سنا جو وہ انس سے روایت کرتا ہے کہ وہ جب جنازہ پر تکبیر کہتے تو اپنے دونوں ہاتھ اٹھاتے اور شافعی نے عروہ اور ابن مسیب سے بھی اسی طرح روایت کی ہے، اور کہا کہ اسی پر یعنی اپنے شہر میں اہل علم کو پایا۔ ۱۲۔ اور ابن منذر نے بھی اس کو عبداللہ بن عمر اور عمر بن عبد العزیز اور عطاء اور سالم بن عبداللہ اور قیس بن ابی مازم اور زہری اور اوزاعی اور احمد واسحاق سے حکایت کیا ہے، اور اس کو پسند کیا ہے، حافظ ابن حجر کی تلخیص میں ہے کہ سعید بن منصور نے روایت کی ہے کہ عبداللہ ابن عباس سے ثابت ہے کہ وہ جنازہ کی تکبیروں میں اپنے دونوں ہاتھ اٹھاتے تھے۔ ۱۲۔ عبدالودود‘‘

اور درمیان تکبیرات کے ہاتھ باندھ لینے چاہیے، کیونکہ یہ بھی نماز ہے، اور نماز میں ہاتھ باندھنا سنت ہے۔

(حررہ عبدالجبار بن عبداللہ الغزنوی عفی اللہ عنہما) (فتاویٰ غزنویہ ص ۹۹۔۱۰۰)

هذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

[فتاویٰ علمائے حدیث]

**جلد 05 ص 121**

محدث فتویٰ